03/04/2025

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شیخ یا سین سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*........بھارت اور تھائی لینڈ کے درمیان مختلف شعبوں میں اشتراک کو بڑھاوا دینے کے لئے6معاہدوں پر دستخط

*........ وقف ترمیمی بل2025 غور و خوض اور منظوری کےلئے راجیہ سبھا میں پیش// لوک سبھا نے کل بل کو دی منظوری۔

*........ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ڈیزاسٹر منیجمنٹ اور یاتری نِواس کمپلیکسوں پر ہو رہے کام کی پیش رفت کا لیا جائزہ۔

*........مزید8کشمیری دستکاری اشیاءکو GI رجسٹریشن حاصل۔

مودی دورہ

بھارت اور تھائی لینڈ نے مختلف شعبوں میں اشتراک کو آگے بڑھانے کےلئے6معاہدوں پر دستخط کئے ہیں۔ یہ دستخط آج وزیر اعظم نریندر مو دی اور انکی تھائی ہم منصب Paetongtarn Shinawatra کے درمیان بنکاک میں منعقدہ میٹنگ کے دوران کئے گئے۔ دونوں لیڈروں نے متعدد علاقائی اور دوطرفہ معاملات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ وزیر اعظم کے اعزاز میں وہاں گارڈ آف آنر بھی پیش کیا گیا۔ واضح رہے کہ وزیر اعظم نریندر مو دی BIMSTEC کی چھٹی سربراہ کانفرنس میں شرکت کےلئے تھائی لینڈ کے دو روزہ دورے پر ہیں۔

جے شنکر

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے BIMSTEC کے ممبر ملکوں پر زور دیا ہے کہ وہ موجودہ عالمی نظام میں غیر یقینی کی کیفیت اور اُتار چڑھاؤ کے حالات کے تناظر میں ایک زیادہ متحرک نقطہ نظر کے ساتھ کام کریں۔ بنکاک میں آج BIMSTEC کی بیسویں وزارتی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ نیا نظام در اصل زیادہ علاقائی اور ایجنڈے پر مرکوز ہے۔

راجیہ سبھابل

وقف ترمیمی بل2025کوغور و خوض اور منظوری کےلئے آج راجیہ سبھا میں پیش کیا گیا۔ بل کا مقصد وقف املاک کے بندوبست کو مربوط کرنا ہے۔ ساتھ ہی اس میں وراثت کے مقامات کے تحفظ اور سماجی بہبود کو فروغ دینے کی بات کہی گئی ہے۔ مذکورہ بل کا مقصد وقف بورڈوں کو اور زیادہ جامع اور شمولیاتی بنانا ہے۔ جس میں بہتر وقف بندوبست اور فیصلہ سازی کےلئے مختلف مسلم طبقوں کی نمائندگی ہو گی۔ یہ بل اقلیتی امور کے وزیر کرن رجیجو نے ایوان میں پیش کیا۔ آج بل پر ہوئی بحث میں مختلف پارٹیوں کے لیڈروں نے حصہ لیا اور بل کے تئینملے جلے رد عمل کا اظہار کیا۔لوک سبھا نے کل دیر گئے اس بل کو منظوری دی ہے۔ ملک کے سرکردہ رہنماؤں نے وقف ترمیمی بل2025کا خیر مقدم کیا ہے۔ قانون امور سے لیکر دانشور گروپوں تک مختلف ماہرین نے یہ کہتے ہوئے بل کی حمایت کی کہ اس سے بدعنوانی کے مبینہ معاملات، بدانتظامی اور نگرانی کے فقدان سے مرکزی اور ریاستی وقف بورڈس کے متاثر ہونے کے معاملات حل ہو سکیں گے۔

NCردعمل

نیشنل کانفرنس کے ترجمان اعلیٰ اور ایم ایل اے جڈی بل تنویر صادق نے کہا ہے کہ وقف ترمیمی بل کو ملک کے مسلمانوں نے پہلے ہی مسترد کر دیا ہے۔ پارٹی ہیڈ کواٹر پر میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس بل کا در پردہ مقصد بقول انکے مسلمانوں کو جائیداد ہڑپ کرنا اور انکے مذہبی معاملات میں بے جا مداخلت کرنا ہے۔

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج سرینگر میں شری امر نا تھ جی شرائن بورڈ کے اعلیٰ افسروں اور عمل آوری ایجنسیوں کی ایک میٹنگ کے دوران ڈیزاسٹر منیجمنٹ اور یاتری نِواس کمپلیکسوں کو ترقی دینے سے متعلق پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے بال تل، ننہ ون، سدھرا اور بجبہاڑہ میں جا ری کاموں کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ کام میں تیزی لائے تاکہ شردھالو کو بہتر سہولیات دستیاب ہو سکیں۔ انہوں نے بال تل اور ننہ ون بنیادی کیمپوں میں اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کو یاترا سے پہلے مکمل کرنے کی ہدایات دیں۔

سنہا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج وگیان بھون نئی دلی میں بالاجی فاؤنڈیشن کی طرف سے منعقدہ بھارت شِکشا سمٹ سے خطاب کیا۔ سمٹ کے دوران تعلیم کے شعبے کو درپیش مسائل پر غور خوض کرنے کے ساتھ ساتھ تعلیمی ادارونکےلئے مستقبل کی نقشہ راہ تیار کرنے سے متعلق امور پر بھی تبادلہ خیال کیا جائے گا۔

ایل جی نے سماجی بہبود اور قوم کی تعمیر میناخلاقی تعلیم کی اہمیت کو اُجاگر کیا۔ انہوں نے قومی تعلیمی پالیسی2020 کی خصوصیات کو بھی اُجاگر کیا۔ منوج سنہا نے جمونو کشمیر کے تعلیمی سیکٹر میں لائی جا رہی اصلاحات کا تفصیلی خاکہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ جمونو کشمیر کے سکول، کالج اور یونیورسٹیاں بلا کسی خلل کے اپنا کام کاج کر رہی ہیں۔

AAY

کنبوں سے تعلق رکھنے والی لڑکیوں کےلئے AAYحکومت نے سٹیٹ مریج اسسٹنس سکیم کے تحت امدادی رقم50ہزار روپے سے بڑھا کر75ہزار کر دی ہے۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں یہ جانکاری دیتے ہوئے ہے کہ اس قدم سے پسماندہ طبقوں سے تعلق رکھنے والی لڑکیوں کو بااختیار بنانے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ہر ایک ضرورت مند کنبے کے معیار حیات میں بہتری لانے کی وعدہ بند ہے۔

سکینہ ایتو

تعلیم صحت اور سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے آج کئی ارکان اسمبلی کے ہمراہ شانگس اور اننت ناگ ایسٹ حلقوں مینمختلف طبی اداروں اور تعلیمی اداروں کا دورہ کرکے وہاں بنیادی ڈھانچے اور عملے کی دستیابی کا جائزہ لیا۔ اس دوران عوامی نمائندوں نے کئی معاملات انکی نوٹس میں لائے ۔ وزیر موصوفہ نے کہا کہ ان سبھی شعبوں کو معیار کی بلندیوں تک لیجانے میں کوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا جائے گا۔ بعد میں ہمارے اننت ناگ کے نمائندے تصدق رشید کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا۔

جا وید رانا

قبائلی امور کے وزیر جا وید احمد رانا نے کہاکہ انکی حکومت جموںو کشمیر کے تمام خطوں اور ذیلی نمائندوں کے SC,ST,OBCخطوں کی مساوی ترقی کو یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے۔ جموں میں آج ایک وفد کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوں نے کہا کہ قبائلی طبقے کے معاملات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیاجائے گا۔

GIٹیگ

سرٹیفکیٹ حاصل ہوئی ہے، ان GIرجسٹری چنئی کی طرف سےGIمزید کشمیری دستکاری اشیاءکو8 میں کشمیری نمدہ ، کشمیری گبہ، کشمیری بیٹ، کشمیری ٹویڈ، کریول، کشمیر ی چین سٹچ ، شکارا اور رجسٹریشن حاصل کرنے والی اشیاءکی تعداد 15تک پہنچ گئی GI شامل ہیں اور اس طرح ابWagguv ہے۔ اس پیش رفت کے بارے میں محکمہ ہینڈی کرافٹس اینڈ ہینڈلوم کے ڈائریکٹر مُسرت اسلام نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرینآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

منشیات

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے کئی اقدامات کئے جارہے ہیں۔ اس تعلق سے جب ہم نے جنتا دل یونائٹڈ جموںو کشمیر کے صدر جی ایم شاہین کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا۔

گاندربل

وسطی کشمیر کے ضلع گاندربل سے تعلق رکھنے والے محمدعبدالرحیم نامی ایک ہونہار نوجوان نے بین الاقوامی کوڈِنگ مقابلوں میں اپنی ٹیک صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے ۔

Meta Hacker مقابلوں میں فیس بُک کے اعلیٰ درجے کے کوڈِنگ مقابلے WAVESانہوں نے کے تیسرے مرحلے میں عالمی سطح پر 258 واں مقام حاصل کیا ہے ۔ انہوں نے ہمارے Cup 2024 گاندربل کے نمائندے صابر ایوب کے ساتھ بات کرتے ہوئے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

فیسٹول

محکمہ

---

Almond سیاحت فلوریکلچر محکمے کے اشتراک سے سرینگر کے شہر خاص مینبادام واری میں ۓ فیسٹول کا انعقاد کررہاہے۔ اس سلسلے میں4اپریل کو سہ پہر تین بجے وادی کے معروف Blossom گلوکار نور محمد، ایان سجاد، عر فان بلال اور زید سکندر موسیقی کا ایک پروگرام پیش کریں گے۔ اس حوالے سے فلوریکلچر ڈیپارٹمنٹ کشمیر کے ڈائریکٹر شکیل الرحمان راتھر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

ساگر

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے آج پارٹی ہیڈ کواٹر پر عوامی وفود کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہاکہ انکی پارٹی جموںو کشمیر کا خصوصی درجہ بحال کرانے کےلئے جدو جہد جا

ری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں نے پارٹی کو بھر پور منڈیٹ دیاہے اور حکومت لوگوں کے مسائل کو حل کرنے کےلئے بھی ہر ممکن کوشش کرے گی۔

ست شرما

جموں کے سرحدی علاقوں سے تعلق رکھنے والے کسانوں کے ایک وفد نے بی جے پی کسان مورچہ کے جنرل سیکریٹری راکیش پنت کی قیادت میں بی جے پی صدر ست شرما کے ساتھ ملاقات کی اور انہیں مطالبات کا ایک میمورنڈم پیش کیا۔ ست شرما نے وفد کو یقین دلایا کہ انکے معاملات یوٹی حکومت کے ساتھ اٹھائے جائیں گے۔

شوپیان

شوپیان ضلعے کے کاپرن علاقے میں آج جنتا دل یونائٹڈ جمونو کشمیر کے کارکنوں کا ایک کنونشن JDU منعقد ہوا ۔ اس موقعے پر کے صدر جی ایم شاہین نے خطاب کرتے ہوئے نیشنل کانفرنس پر الزام لگایا کہ وہ لوگوں کے ساتھ جھوٹے وعدے کرکے انہیں گمراہ کر رہی ہے۔

پولیس

پولیس نے ہندوارہ کے تمام پولیس تھانوں اور چوکیوں میں آج لوک دربار کا انعقاد کیا، جس دوران عام لوگوں کو نئے فوجداری قوانین کے بارے میں جانکاری دی گئی۔ گورنمنٹ ڈگری کالج بارہمولہ میں پولیس کی طرف سے منشیات کے مضر اثرات کے بارے میں ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔

ACB

جمونو کشمیر اینٹی کورپشن بیورو نے دھنور گورسیاں کے سابق سرپنچ اور بلاک راجوری کے سابق بی ڈی سی چیرمین دربار چودھری کے خلاف انسداد رشوت خوری ایکٹ کے تحت ایک کیس درج کیا ہے۔

سپریم کورٹ

سپریم کورٹ نے مغربی بنگال کے اسکولوں میں25 ہزار سے زیادہ اساتذہ اور دیگر عملے کی تقرری کو ناجائز قرار دینے کے کولکتہ ہائی کورٹ کے فیصلے کو صحیح ٹھہرایا ہے۔ عدالت عظمیٰ نے کہا کہ تقرری کا پورا عمل ہیرا پھیری اور دھوکہ دہی پر مبنی تھا۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 17اعشاریہ2ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 6اعشاریہ7ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 32اعشاریہ1ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت16اعشاریہ7ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر14منٹ پراور

غروب آفتاب شام6بجکر54منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ۔